

# باب 14
# بسوا کا کھیت

میں بسوا ہوں۔ میرے والد ایک کسان ہیں۔ ہم کرناٹک کے بیل وینکا گاؤں میں رہتے ہیں۔ یہ جولائی کا مہینہ ہے ہر سال کی طرح اپّا یعنی میرے والد، پیاز کی فصل بونے کے لیے کھیت کو تیار کر رہے ہیں۔ اس وقت بہت سارے کام کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔ ان کی مدد کرنے کے لیے میں بھی اپّا کے ساتھ کھیتوں پر جاتا ہوں۔ ادھر کچھ دنوں سے اپّا کھونٹی (ایک لوہے کی چھڑ) کا زمین کو کھودنے اور مٹی کو ڈھیلا اور نرم کرنے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔

بسوا کے علاقے میں ایک اوزار جو کھونٹی کہلاتا ہے مٹی کو ڈھیلا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح کے اوزار کو تمہارے علاقے میں کیا کہا جاتا ہے؟

برائے استاد: یہ سبق پیاز کی فصل کی کاشت کے مراحل کے بارے میں بتاتا ہے۔ آپ اس کو مثال کی طرح استعمال کر کے بچوں کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں۔ ان کے اپنے علاقے میں فصلوں کی کاشت کے مراحل کے بارے میں بتایئے۔ ایسی فصلیں جو عام طور پر ان کے علاقے میں ہوتی ہیں۔

© NCERT not to be republished


ق کسی کسان سے یا اپنے خاندان کے کسی بزرگ سے معلومات حاصل کرو کہ کس قسم کی فصلوں کی کاشت تمہارے علاقے میں ہوتی ہے۔

## بیجوں کی بوائی

اس سال بھی میرے والد کھیت میں پیاز کے بیج بوئیں گے۔ بیل کر کر تج (ہل) کو کھینچ لیں گے اور اپّا اس کے پیچھے چلیں گے بیجوں کو چھڑکتے ہوئے۔ میں بھی ایسا کرنا چاہتا ہوں بالکل اپنے اپّا کی طرح، لیکن اپّا کہتے ہیں کہ یہ



ضروری ہے کہ ایک مقررہ فاصلے پر صحیح مقدار میں بیج ڈالے جائیں۔ اور یہ کوئی آسان کام نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں بہت سارے بیج ایک ہی جگہ پر ڈال دوں گا۔ مجھے انتظار کرنا چاہیے کہ تھوڑا بڑا ہو جاؤں تا کہ یہ کام صحیح طریقہ سے کر سکوں۔



## کلّے پھوٹنا

اب بیجوں کو بوئے ہوئے بیس دن ہو گئے ہیں۔ پیاز کے پودوں میں کلّے پھوٹ رہے ہیں۔ پیاز کے پودوں کے ساتھ گھاس بھی اُگ آئی ہے۔ گھاس کھیتوں اور

کھیت جوتنے کے لیے جانوروں کے علاوہ دوسرا طریقہ کیا ہو سکتا ہے؟

باغوں میں بغیر بوئے ہوئے اُگ آتی ہے۔ اپّا کہتے ہیں کہ خودرو گھاس کو ہمیں نکال دینا چاہئے تا کہ وہ پانی اور کھاد کو نہ لے سکے۔ اگر بہت زیادہ خودرو گھاس (موتھا) ہوگی تو پیاز کے پودے صحت مند نہیں ہوں گے۔ گھاس کو باہر نکالنے میں اماں، چچا اور میں ہم سب اپّا کی مدد کرتے ہیں۔




## پودوں

میں پودوں کو بڑا ہوتے دیکھ کر بہت خوش ہوں وہ میرے گھٹنوں کے برابر لمبے ہوگئے ہیں۔ پتّیاں پیلی ہونا شروع ہوگئی ہیں اور خشک ہورہی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ پیاز تیار ہے باہر نکالنے کے لیے۔ میں آئندہ چند دنوں اسکول نہ جا سکوں گا کیونکہ میری مدد کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

## کیا تم جانتے ہو کیوں؟

گھر کے ہر فرد کو پیاز کو باہر نکالتے وقت کام کرنا ہوگا۔ یہ ضروری ہے کہ یہ کام صحیح وقت پر ہو۔ اگر ہم نے دیر کردی تو پیاز زمین کے اندر ہی سڑ جائے گی اور ہماری تمام محنت اکارت ہوجائے گی۔

بسوا اپنے والد کی کھیت میں مدد کرتا ہے۔ کیا تم اپنے خاندان کے بزرگوں کی مدد کرتے ہو، تم کس طرح مدد کرتے ہو؟



© NCERT not to be republished

- کیاتم وہ کام کرتے ہوئے لطف اندوز ہوتے ہو؟

## پیاز کی فصل



گھر میں ہر ایک خوش ہے۔اس بار پیاز بڑے موٹے موٹے نکلے ہیں۔اکیلے اماں اور چچی نے (درانتی) کی مدد سے پیاز کو پودوں سے الگ کرلیا ہے۔درانتی تیز دھار والی ہوتی ہے اور تمہیں بہت محتاط رہنا ہوگا کہ کہیں انگلیاں نہ کٹ جائیں۔ابّا اور چچا پیاز سے بورے بھرتے ہیں۔ابّا ان کو ایک ٹرک میں بڑے بازار میں فروخت کرنے کے لیے لے جائیں گے۔

### اپنی کاپی میں جوابات درج کرو۔

- بسوا کچھ دنوں تک اسکول میں حاضری کیوں نہیں دے پاتا؟
- کیاتمہارے گھر کے آس پاس کوئی کھیت ہے؟اس میں کیا بویا جاتا ہے؟



© not to be republished

- بسوا کے ابّا ایک ٹرک میں پیاز کو بازار لے جاتے ہیں۔ سوچو پھل اور سبزیاں دوسری جگہوں پر کیسے لے جائی جاتیں اگر وہاں باقاعدہ سڑکیں نہ ہوتیں۔
- کس قسم کی سواریاں استعمال میں لائی جاتی ہیں پھل اور سبزیاں لے جانے کے لیے؟ اپنی کاپی میں ان میں سے ایک سواری کی تصویر بناؤ۔

## معلوم کیجیے اور لکھیے۔


- یہاں کچھ اوزاروں کی تصویریں دی گئی ہیں جن کو بسوا کے افرادِ خانہ استعمال کرتے ہیں۔ اوزاروں کے نام لکھو۔ یہ بھی لکھو کہ یہ تمہارے علاقے میں کیا کہلاتے ہیں؟ اور کس مقصد کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں؟



نام لکھو (اس باب میں) ____________

نام تمہارے علاقے میں ____________


کام ____________



نام (اس باب میں) ____________

نام تمہارے علاقے میں ____________

کام ____________



نام (اس باب میں) ____________

نام تمہارے علاقے میں ____________

کام ____________

© NCERT not to be republished

- فصل کی کاشت میں مختلف مراحل کی ضرورت ہوتی ہے۔ تصویروں کو دیکھو اور ان کی صحیح ترتیب پر نشان لگاؤ۔













- اپنے علاقے میں کاشت کی جانے والی ایک فصل کے بارے میں معلومات حاصل کرو۔ کاشت میں کیا کیا مراحل پیش آتے ہیں۔ اپنی کاپی میں تصویر بناؤ۔

© NCERT not to be republished